روزنامہ
حقیقت ٹائمس
مظفر پور
Urdu Daily Muzaffarpr
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# خواتین شعبۂ سائنس میں مزید بلندیوں کو چھو سکتی ہیں اگر....

صائمہ صدیقی



خواتین اور سائنس یہ دو لفظ قدیم زمانے میں دور دور تک کوئی تعلق نہیں رکھتے تھے۔ خواتین کا سائنس لینا اور ان کا پڑھنا معیوب سمجھا جاتا تھا۔ دھیرے دھیرے زمانہ بدلا، لوگوں کی ذہنیت بدلی اور انہوں نے اپنی بچیوں کو انجینئرنگ اور میڈیکل کے شعبوں میں جانے کا حوصلہ دیا۔

لیڈی ہارڈنگ میڈیکل کالج، ملک کا پہلا طبی ادارہ ہے جو صرف خواتین کیلئے مختص ہے۔ یہ کالج دہلی میں واقع ہے۔ یہاں بیچلرز، پوسٹ گریجویٹ اور اسپیشلائزیشن کے مختلف کورسیز پیش کئے جاتے ہیں اور یہ کالج اپنے اسپتال کے ذریعہ علاج و معالجہ کی خدمات بھی فراہم کرتا ہے۔ وہیں دوسری طرف ملک کی پہلی یونیورسٹی اندرا گاندھی دہلی ٹیکنیکل یونیورسٹی فار ویمن ۱۹۹۸ء میں قائم کی گئی جہاں خواتین انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کرسکتی ہیں۔ مَیں بھی اسی کالج کی طالبعلم ہوں، یہاں سے میں ایم ٹیک کر رہی ہوں۔ حکومت کی جانب سے خواتین کو انجینئرنگ کے شعبے میں آگے بڑھانے کا یہ ایک اچھا قدم ہے۔ یہاں کمپیوٹر سائنس، انفارمیشن ٹیکنالوجی، الیکٹرانکس اور دیگر تکنیکی شعبوں میں انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور پی ایچ ڈی وغیرہ کئے جاسکتے ہیں۔ یہاں خواتین کو اسٹارٹ اپس، انٹرپرینیورشپ، انڈسٹری پروجیکٹس اور ریسرچ کے ذریعے عملی تجربہ حاصل کرنے کا موقع بھی فراہم کرتے ہیں۔

جو خواتین انڈسٹریز میں نہیں جانا چاہتیں وہ پوسٹ گریجویٹ میں ریسرچ کر کے لیکچرار بھی بن سکتی ہیں۔ ان تبدیلیوں کی اہم وجوہات مختلف جگہوں پر سرکاری یونیورسٹیز کا قائم ہونا، اسکالرشپ دینا، وومن کوٹہ کے تحت ایڈمیشن آسان ہونا اور لڑکیوں کو پڑھانے اور آگے بڑھانے کے تئیں لوگوں میں بیداری پیدا کرنا وغیرہ کے سبب ممکن ہو پایا ہے۔ کیونکہ آج کل بہت سے لوگ مہنگائی کی وجہ سے بھی اپنے بچیوں کی تعلیم پوری نہیں کرا پاتے اور جلد شادی کر کے رخصت کر دیتے ہیں۔ آج بھی سرکاری اسکولوں میں جا کر دیکھیں وہاں کی ۹۰ ؍فیصد بچیوں کے بھائی پرائیویٹ اسکولوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں جبکہ بہنیں سرکاری اسکولوں میں پڑھ رہی ہیں۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ ماں باپ کے پاس دو بچوں کو پرائیویٹ اسکول میں پڑھانے کے پیسے نہیں ہیں۔ جب ایک کی بات آتی ہے تو لڑکوں کی پڑھائی کو ہی آج بھی ترجیح دی جاتی ہے۔ سرکاری اسکولوں کی خستہ حالی سے بہت سی بچیاں اس میں بھی بہت آگے نکل رہی ہیں اور اپنے والدین کا نام روشن کر رہی ہیں۔

آئی آئی ٹی اور این آئی ٹی میں پڑھائی کا خرچ بہت زیادہ ہوگیا ہے۔ پرائیویٹ کی تو بات ہی رہنے دیں جو عام مڈل کلاس فیملی نہیں اٹھا پاتی مگر مختلف اسکالرشپ اسکیم کے تحت طلبہ آج کل اپنی پڑھائی پوری کر پا رہے ہیں اور یہ ایک بہت بڑی تبدیلی ہے۔ آئی آئی ٹی میں ۲۰ ؍فیصد وومن کوٹہ سے بہت سی بچیوں نے داخلہ لینا شروع کر دیا ہے۔ اسکالرشپ اسکیمیں، بہتر تعلیم اور مثبت سوچ نے خواتین کو میڈیکل اور انجینئرنگ جیسے شعبوں میں تعلیم حاصل کرنے اور آگے بڑھنے کا حوصلہ دیا ہے۔ میرا مضمون لکھنے کا مقصد ہی یہی ہے کہ بچیوں کو انجینئرنگ اور میڈیکل کے شعبے میں حصہ لینے کا موقع دیں جس سے ہم سب مل کر ایک بہتر مستقبل تشکیل دے سکیں کیونکہ خواتین پورے گھر کا نظام چلاتی ہیں۔ ایک خاتون کو پڑھانے سے پوری نسل ترقی کرسکتی ہے۔ اس کے علاوہ وومن سیفٹی بہتر بنانے اور قانون کو سخت کرنے کی کوشش کی جائے تو یقیناً والدین اپنی بچیوں کو پڑھنے اور آگے بڑھنے کیلئے نہیں روکیں گے۔

اچھی بات یہ ہے کہ آج میڈیکل اور انجینئرنگ شعبے میں لڑکے اور لڑکیوں کا ایڈمشن تناسب برابر ہوگیا ہے اور یہ مثبت تبدیلی ہے۔ سائنس کے شعبے میں میری کیوری کا نام ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وہ بہت ذہین تھیں اور بچپن سے ہی کتابیں پڑھنے کا شوق رکھتی تھیں لیکن ان کے پاس پیسے نہیں تھے۔ میری نے کافی محنت کی، مختلف چھوٹے موٹے کام کئے اور پیسے اکٹھا کئے تاکہ وہ پیرس جاکر تعلیم حاصل کرسکیں۔ انہوں نے دو نئے عناصر دریافت کئے: ریڈیم اور پولونیم۔ یہ دونوں عناصر دنیا کے لئے بہت اہم ثابت ہوئے۔ ریڈیم ریڈی ایشن کا استعمال کرتے ہوئے کینسر کے خلیات کو ختم کرتا ہے اور ایڈوانسڈ پروسٹیٹ کینسر میں زندہ رہنے کے امکانات کو بہتر بناتا ہے۔ وہ دنیا کی پہلی خاتون تھیں جنہیں دو مرتبہ نوبیل انعام سے نوازا گیا تھا۔ ان کی ایک تحریر جس کی یہ سطر آج بھی یاد رکھنے کے قابل ہے: ’’زندگی میں کسی چیز سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں بلکہ اسے سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اب وقت ہے کہ ہم زیادہ سمجھیں تاکہ ہم کم خوفزدہ ہوں۔‘‘

اگر اسی طرح بچیوں کو گھر والوں کا مکمل سپورٹ اور اسکالرشپ اسکیموں سے مالی تعاون ملتا رہے گا تو خواتین سائنسی تحقیق میں مزید بلندیوں کو چھو سکتی ہیں۔

# خودنمائی: سکون غارت کرنے کا سبب

بنت رفیق



’’مَیں نے اپنی عید کی خریداری فلاں بڑے شاپنگ مال سے کی ہے اور میں ہمیشہ چند خاص شاپنگ مال سے ہی اپنی خریداری کرتی ہوں۔‘‘ رحیمہ اپنی سہیلی کو یکے بعد دیگرے بہت سارے کپڑے، بیگ اور جوتے دکھاتے ہوئے اپنی خریداری کی نمائش تو کر ہی رہی تھی، ساتھ ہی وہ ان پر لگے ٹیگز کی نشاندہی بھی کرتی جا رہی تھی تاکہ ان کی قیمتوں سے زیر ہوا جاسکے۔ کچھ دنوں بعد رحیمہ کی سہیلی اپنی عید کی خریداری رحیمہ کو دکھا رہی تھی اور ساتھ ہی کم قیمت میں سامان کی خریداری کرنے پر رحیمہ سے شاباشی کی طالب تھی۔ مگر وہ رحیمہ ہی کیا.... جو اس کی باتوں پر ذرا دھیان دے۔

خود نمائی کے یہ واقعات صرف دو مثالیں ہیں۔ لیکن ہمارے معاشرے میں اس وقت سوشل میڈیا کے چلتے ہر شخص نمائش کرنے اور خودنمائی کرنے میں لگا ہوا ہے۔ اور یہ وبا ہم خواتین کے اندر تو بکثرت موجود ہے۔ ہم خواتین جو کپڑے کسی ایک پارٹی یا کسی ایک فنکشن میں پہن لیں تو دوسرے میں پہن کر جانا باعث عار سمجھتی ہیں کہ ان کے فوٹوز منظر عام پر آچکے ہیں اور پھر ایک بار خود نمائی کی رات کا دباؤ.... یہ کیسا معاشرہ وجود میں آچکا ہے کہ جو خواتین کم اسباب میں بھی سلیقہ شعاری سے خرچ کرتی تھیں وہی سگھڑ قرار پاتی تھیں۔ اب جو جتنا زیادہ خرچ کر لے اتنا ہی لائق فخر ہوتی ہیں۔ خودنمائی اور نمائش کے چلتے خاتون مشرق اپنا آپ بھلا بیٹھی ہے، اپنی شخصیت کو پس انداز کر دیا ہے، دوسروں کی دیکھا دیکھی چلنے کی کوشش میں رہتی ہے، ’’کوا چلا ہنس کی چال، اپنی چال بھول گیا‘ والا معاملہ اپنا لیا ہے۔ فضول خرچی جیسی غلط عادت کو اپنا لیا ہے۔

یہ خودنمائی ہی تو ہے کہ ایک دلہن جسے شادی کے بعد گھر کی عمر دراز خواتین گھر سے نکلنے کی اجازت نہیں دیتی تھیں۔ اس لئے نہیں کہ اسے قید میں رکھنا مقصود تھا بلکہ اس کی عزت اور اس کا وقار مقصود تھا۔ اب دولہا سے پہلے ویڈیو گرافی کرواتے وقت خوشی محسوس کرتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ہم انسانوں کو مختلف نعمتوں سے نواز کر بھیجا ہے اور پھر ہم پر لازم ہے کہ اسکی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں اور خوش رہیں۔ ہم بنات حوا کو بھی اللہ رب العالمین نے مختلف نعمتوں اور درجات سے نواز کر بھیجا۔ ہمارے ذمہ داری ہے کہ انہی نعمتوں اور اپنے درجات سے مطمئن رہیں اور شکر گزاری بجالائیں۔ اگر دوسروں کی نعمتوں کو دیکھ کر زیادہ پانے کی ہوڑ میں رہیں تو کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم اپنے عطیات سے بھی ہاتھ دھو بیٹھیں۔ دوسری بات ہماری جو نعمتیں ہمیں میسر ہیں ان کی خودنمائی کے بجائے ان کا صحیح استعمال کریں کہیں ایسا نہ ہو کہ خودنمائی کے چکر میں اپنا آپ گنوا بیٹھیں یا دوسروں کی تکلیف کا سبب بنیں۔ نمائش کرنے والی خواتین یہ بھول جاتی ہیں کہ ہمارے اس رویے سے مخاطب کو کیا فرق پڑ رہا ہے انہیں صرف اپنے بیش بہا ٹیگز دکھانے سے مطلب ہوتا ہے، اخلاقی اقدار، سلیقہ شعاری، دلجوئی جیسی عمدہ خصلتوں سے عاری ہو جاتی ہیں جو کہ ایک خاتون مشرق کا خاصہ ہے۔

یاد رکھ اے خاتون مشرق! تو ایک باعزت صنف ہے تیرا بناؤ سنگھار صرف اپنوں کے لئے ہے اور اسی میں تیری عزت ہے لہٰذا اپنی قدر کر اور نمائش کے جھمیلوں سے اپنے آپ کو بچا کر رکھ۔ جو آسائشیں میسر ہیں ان کا استعمال کرنا کوئی عیب نہیں بلکہ ان کا استعمال ہی عین شکر گزاری ہے لیکن دوسروں کی دیکھا دیکھی اپنی بساط سے آگے پانے کی تمنا اور کوشش کرنا سکون کو غارت کرنے کا سبب ہے۔

# اگر کوئی اپنا پریشان ہو تو اس کی مدد کیسے کریں؟



انسان کی زندگی میں غم اور خوشی کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ کبھی ہم پریشان رہتی ہیں تو کبھی ہمارے اپنے۔ آپ نے کبھی محسوس کیا ہوگا کہ آپ کا کوئی اپنا پہلے ہنستا بولتا تھا لیکن اب اس کی مسکراہٹ پھیکی پڑ گئی ہے اور وہ افسردہ رہنے لگا ہے۔ عین ممکن ہے کہ ایسے شخص کے ذہن میں کوئی طوفان چل رہا ہو۔ اس کی جسمانی صحت بھی متاثر ہوسکتی ہے۔ اسے نیند نہ آنے کی شکایت ہوسکتی ہے ساتھ ہی ہر وقت سستی طاری رہتی ہوگی۔ وہ اکثر چھوٹی چھوٹی باتوں سے پریشان ہوسکتا ہے اور اعتماد کی کمی محسوس کرسکتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ایسے شخص کی مدد کی جائے اور یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ آخر اس کے ذہن میں کیا چل رہا ہے۔ کئی مرتبہ ذہنی دباؤ، فیملی یا رشتوں میں مسائل، کام کا دباؤ یا صحت کی پیچیدگیاں کسی کو ذہنی طور پر پریشان کرسکتی ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی ڈر یا مایوسی بھی اداسی کا سبب بن سکتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں اس شخص کو ’اموشنل ہیلپ‘ کی ضرورت ہوتی ہے۔ جذباتی مدد کے ذریعہ وہ خود کو پُرسکون محسوس کرسکتا ہے۔ آپ کی مدد کسی اپنے کو دوبارہ خوشحال زندگی کی جانب گامزن کرسکتی ہے۔ وہ مدد کیسے کی جائے یہاں جانئے:

ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

جب ہمارا کوئی قریبی کسی پریشانی میں مبتلا ہوتا ہے تو ممکن ہے کہ آپ اس کی پریشانی دور کرنا چاہتی ہوں گی لیکن اس سے قبل آپ کو مدد کے لئے درست طریقہ اپنانا ہوگا۔

سب سے پہلے یہ سمجھنا ہوگا کہ اس شخص کا موڈ خراب کیوں ہے اور اس کے رویے میں کون کون سی تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔ وہ پہلے کی طرح بات نہیں کر رہا، کھانا نہیں کھا رہا یا صرف اپنے فون میں مصروف رہتا ہے۔ یہ علامات ہوسکتی ہیں کہ اس شخص کی زندگی میں سب کچھ ٹھیک نہیں ہے۔

اس صورت میں آپ اُس کی جذباتی مدد کریں۔ اس کا حوصلہ بڑھائیں۔ مگر ایسی کوئی حرکت نہ کریں جس سے معاملہ بگڑ جائے۔ اس ضمن میں چند باتوں کا خیال رکھیں:

بغیر مانگے کوئی صلاح نہ دیں۔
اس شخص کی بات سنیں۔
اسے ذمہ دار ٹھہرانے کی غلطی نہ کریں۔
ہنسی مذاق میں بھی ایسی بات نہ کہیں جس سے اسے تکلیف پہنچے۔
اس کے بارے میں کوئی رائے قائم نہ کریں۔
گفتگو کے دوران کوئی منفی بات نہ کریں۔
اسے کمزور محسوس ہونے نہ دیں۔

پریشان شخص کی مدد اس طرح کریں

اُس کی بات سنیں: جب کوئی اداس ہو تو بغیر روک ٹوک کے اس کی باتیں سنیں۔ اس کے جذبات کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ اس سے وہ اچھا محسوس کرسکتا ہے۔ صرف گردن ہلا کر، آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اور سوال پوچھ کر آپ یہ ظاہر کرسکتی ہیں کہ آپ سچ میں اس کے لئے فکرمند ہیں اور اس کی پریشانی دور کرنے میں اُس کی مدد کرنا چاہتی ہیں۔

حوصلہ دیں: جب کوئی شخص برے دور سے گزرتا ہے تو اس کا اعتماد کمزور ہو جاتا ہے۔ اس صورتحال میں اسے اس کی کامیابیوں کے بارے میں بتائیں۔ اس کی خوبیوں سے آگاہ کریں۔ اس نے جن مصائب کا ڈٹ کر سامنا کیا تھا، وہ یاد دلائیں اور اس کی حوصلہ افزائی کریں۔ اس سے اس کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور اچھا محسوس کرے گا۔

تعریف کریں: جب آپ اُس کی خوبیوں اور اچھے کاموں کے بارے میں بات کرتے ہیں تو اسے احساس ہوتا ہے کہ وہ آپ کیلئے اہمیت رکھتا ہے۔ اس کی تعریف کریں۔ اس سے اسے ہمت ملے گی۔

اس کے نظریے کو سمجھیں: صورتحال کو اس کے نظریے کے مطابق سمجھنے کی کوشش کریں۔ یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ اسے کیسا محسوس ہو رہا ہے اور اسے اس وقت کس چیز کی ضرورت ہے۔ کبھی کبھی آپ کا ساتھ بھی اس کے لئے کافی ہوتا ہے۔

وقت گزاریں: ایک ساتھ وقت گزارنے سے وہ شخص اپنی پریشانی بھول سکتا ہے۔ وہ پُرسکون محسوس کرسکتا ہے۔ اس دوران مثبت باتیں کریں۔ کوئی پرانا قصہ یاد کریں۔ اس سے اس شخص کو اپنا غم یا پریشانی بھولنے میں مدد ملتی ہے۔

کسی کام میں مدد کریں: آپ کا کوئی قریبی اگر دفتری کام کاج کے سبب پریشان ہے تو آپ اس کے کام میں ہاتھ بٹا سکتی ہیں۔ اس طرح اس کا اسٹریس کم ہوگا۔ ساتھ ہی وہ ہلکا پھلکا محسوس کرے گا۔

ہنسی مذاق: ہلکے پھلکے انداز میں کی گئی مزاحیہ باتیں موڈ کو بہتر بناتی ہیں۔ حالانکہ اس دوران اس کے جذبات کا مذاق نہ اڑائیں۔ ایسی مزاحیہ باتیں کریں کہ اُس کے چہرے پر مسکراہٹ آجائے۔

سیلف کیئر کا مشورہ: اسے سمجھائیں کہ اپنا خیال رکھ کر وہ ذہنی وجسمانی طور پر صحتمند رہ سکتا ہے۔ اسے روزانہ ورزش یا یوگا کرنے کے لئے آمادہ کریں۔ اچھی کتابیں پڑھنے کا مشورہ دیں۔ انسان کی اچھی صحت کے لئے آرام ضروری ہوتا ہے یہ بات اسے سمجھائیں۔ اس سے وہ جلد ہی اپنی پریشانی سے باہر نکل سکتا ہے اور اپنی معمول کی زندگی پر دوبارہ گامزن ہوسکتا ہے۔

# موسم گرما میں جوتے کا انتخاب سوچ سمجھ کر کریں

شمع ناز



خواتین دیگر آرائشی اشیاء کے ساتھ ساتھ جوتوں کو بھی بڑی اہمیت دیتی ہیں، کیونکہ وہ جانتی ہیں کہ جوتے نہ صرف ان کی تیاری کے مراحل کی تکمیل میں اہم ترین کردار ادا کرتے ہیں، بلکہ ان کا انتخاب خواتین کی شخصیت کے مجموعی تاثر پر بہت زیادہ اثر انداز ہوتا ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جوتوں کا انتخاب کیسے کیا جائے؟ اس کے لئے ہم آپ کو چند نکات بتاتے ہیں جن کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ اپنے لیے جوتوں کا انتخاب کرسکتی ہیں۔

سب سے پہلے تو یہ دیکھیں کہ جوتا آپ کے پیروں میں پوری طرح فٹ آنا چاہیے، یعنی تنگ ہرگز نہ ہو۔ جوتا پہن کر چند قدم چل کر دیکھیں، اس سے آپ کو ٹھیک اندازہ ہو جائے گا۔ بڑا جوتا پاؤں میں فٹ نہیں ہوتا اور چلنے میں دشواری کا باعث بنتا ہے، لیکن چھوٹا یا تنگ جوتا نہ صرف آپ کے پاؤں کی ہڈی اور گوشت وغیرہ کو دبا کر آپ کو اعصابی تکلیف میں مبتلا کرتا ہے، بلکہ اس سے پاؤں میں چھالے بھی بن جاتے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ جوتا یا سینڈل جو بھی خریدا جائے، وہ ہلکا پھلکا، نرم اور آرام دہ ہو، زیادہ سخت یا وزنی جوتے یا سینڈل کچھ دیر تو پہنے جا سکتے ہیں، لیکن زیادہ دیر تک پہننے کی صورت میں پیروں میں تھکن اور تکلیف ہو جاتی ہے جو زیادہ پریشانی کا باعث بنتی ہے لہٰذا جوتا یا سینڈل ہمیشہ ہلکا نرم اور آرام دہ ہی خریدنا چاہیے۔

جوتا یا سینڈل خریدتے وقت اس بات کو ضرور مدنظر رکھیں کہ آپ کے پیروں کی ساخت کیسی ہے اور ان پر کیا جچے گا۔

جوتا یا سینڈل، اگرچہ فیشن کو بھی کسی حد تک مدنظر رکھنا چاہیے لیکن ایسے کسی بھی فیشن سے گریز کرنا چاہیے جو آپ کے پیروں کو تکلیف پہنچائے اور آپ کی شخصیت کو مضحکہ خیز بنا دے۔ مثلاً اگر کوئی فربہ جسم یا موٹی خاتون بہت اونچی اور پتلی ہیل صرف فیشن کے لئے پہن لیں تو یہ ان پر بہت بری لگے گی۔

اسی طرح اگر بہت گہرے رنگ کی حامل خاتون کریم یا سفید رنگ کی سینڈل یا جوتے پہن لیں جن سے ان کے پاؤں دکھائی دیتے ہوں تو یہ ان پر اچھے نہیں لگیں گے۔

اس مسئلے کے حل کے لئے وہ فیشن تو ضرور اپنائیں مگر جوتے یا سینڈل ایسے پہنیں جو زیادہ سے زیادہ ان کے پاؤں کو ڈھانپ لیں۔

جوتے کے انتخاب میں فیشن بھی اہمیت رکھتا ہے، لیکن آپ فیشن کے ساتھ ساتھ اپنے پیروں کے آرام کا بھی خیال رکھیں، اگر فیشن کے مطابق جوتا آپ کے پیروں کو تکلیف میں مبتلا کر رہا ہے تو اسے پہننے سے گریز کریں، کیونکہ ایسا جوتا یا سینڈل آپ کو مسلسل اذیت میں مبتلا رکھے گا جو آپ کے لئے کسی طرح بھی مناسب نہیں ہوگا۔

صرف پیروں میں جوتا فیشن کے مطابق ہو گا، باقی آپ کی شخصیت اور چہرے کی خوبصورتی شدید متاثر ہوگی اور ظاہر ہے کہ آپ ایسا کبھی نہیں چاہیں گی لہٰذا جوتے کے انتخاب میں فیشن کے ساتھ ساتھ اپنے پیروں کے آرام کا بھی خاص خیال رکھیں۔

جوتے کے انتخاب میں موسم کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے۔ گرم موسم میں کھلے جوتے استعمال کرنے چاہئیں، تاکہ پیر نہ صرف پسینے کی بدبو سے بچائے جا سکیں بلکہ انہیں پسینے سے پھیلنے والے جراثیم کے اثرات سے بھی بچایا جا سکے۔

مندرجہ بالا نکات کو مدنظر رکھتے ہوئے جوتے کی خریداری کریں تو آپ کئی مشکلات سے بچ سکیں گی۔ جوتے کی خریداری کرتے وقت فیشن اپنی شخصیت موسم اور ضرورت کو مدنظر رکھنے کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی خاص خیال رکھیں کہ جوتا یا سینڈل آرام دہ ہو جو آپ کے پیروں کو تکلیف میں مبتلا نہ کرے۔

# عورت: محبّت، وفاداری، ہمت اور قربانی کی علامت

ڈاکٹر شرمین انصاری



’عورت‘ ایک ایسا لفظ جس میں محبت، ہمت، قربانی اور حوصلہ سمائے ہوئے ہیں۔ وہ جو زندگی کو جنم دیتی ہے جو اندھیروں میں امید کی روشنی جگاتی ہے، جو ہر درد کو سہہ کر بھی مسکراتی ہے۔ وہ جو اپنی خوشیوں سے بڑھ کر دوسروں کی خوشیوں کو ترجیح دیتی ہے اور جو اپنی محنت، عزم اور حوصلے سے ہر رکاوٹ کو عبور کر کے کامیابی حاصل کرتی ہے۔ ۸ ؍مارچ، یوم خواتین، صرف ایک دن نہیں بلکہ ایک یاد دہانی ہے کہ عورت معاشرے کا ایک مضبوط ستون ہے۔ یہ دن عورت کے مقام، اس کی کامیابیوں اور اس کے کردار کو سراہنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اس دن ہم اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ ہم عورتوں کو وہ عزت اور مقام دیں گے جس کی وہ حقدار ہیں اور ان کی ترقی میں معاون ثابت ہوں گے۔

عورت: ہمت، حوصلہ اور کامیابی کی علامت

عورت کی کہانی صرف صبر اور قربانی کی نہیں بلکہ بے مثال حوصلے اور کامیابی کی بھی ہے۔ وہ خواب دیکھتی ہے اور ان خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کی طاقت رکھتی ہے۔ وہ اپنی محنت، لگن اور خود اعتمادی سے ہر میدان میں اپنی جگہ بناتی ہے، چاہے وہ سائنس ہو، سیاست ہو، کاروبار ہو یا کھیل کا میدان۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی عورت کو مواقع ملے، اس نے اپنی قابلیت سے دنیا کو حیران کر دیا۔ ماں کی گود سے لے کر لیڈر کی کرسی تک، عورت نے ہمیشہ ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف ایک گھر بلکہ پوری دنیا سنوارنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اس کی کامیابی صرف اس کی اپنی نہیں ہوتی بلکہ یہ ایک نئے دور کی بنیاد رکھتی ہے جہاں عورت اور مرد ایک ساتھ معاشرے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

عورت کا حوصلہ

ہر مشکل کو کامیابی میں بدلنے کی صلاحیت عورت ہر حال میں مثبت سوچ کیساتھ آگے بڑھتی ہے اور اپنی محنت سے مشکلات کو کامیابی میں تبدیل کر دیتی ہے۔

جب ایک ماں اپنے بچے کی پرورش میں دن رات محنت کرتی ہے تو وہ محبت اور قربانی کا ایک حسین امتزاج پیش کرتی ہے۔

جب ایک بیٹی اپنے والدین کے خوابوں کو پورا کرنے کے لئے محنت کرتی ہے تو وہ اپنے خاندان کے لئے فخر کا باعث بنتی ہے۔

جب ایک بہن اپنے بھائی کے لئے دعا کرتی ہے اور اس کی حمایت میں کھڑی ہوتی ہے تو وہ رشتوں میں مضبوطی اور محبت کی مثال قائم کرتی ہے۔

جب ایک بیوی اپنے شوہر کا ساتھ دیتی ہے اور زندگی کے ہر موڑ پر اس کے ساتھ کھڑی ہوتی ہے تو وہ ایک کامیاب اور خوشحال خاندان کی بنیاد رکھتی ہے۔

عورت کی خوشی: ایک خوشحال معاشرہ کی ضمانت

ایک خوشحال معاشرہ تبھی ممکن ہے جب عورت کو عزت، محبت اور برابری کے مواقع فراہم کئے جائیں۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ عورت کی خوشی صرف اس کیلئے نہیں بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کے لئے خوشحالی کا سبب بنتی ہے۔

کیا ہم نے کبھی عورت کی خواہشات اور خوابوں کو اہمیت دی؟

کیا ہم نے کبھی اس سے پوچھا کہ وہ کیا چاہتی ہے اور اس کے خواب کیا ہیں؟

کیا ہم نے اسے وہ مواقع فراہم کئے جن سے وہ اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کرسکے؟

اگر ہم ایک بہتر دنیا چاہتے ہیں تو ہمیں عورت کی خوشیوں کو بھی اپنی ترجیحات میں شامل کرنا ہوگا۔

یوم خواتین: ایک دن نہیں، ایک عہد

۸ ؍مارچ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ عورت صرف ایک دن کی نہیں بلکہ ہر دن عزت، محبت اور قدر کی حقدار ہے۔ یہ دن ہمیں موقع دیتا ہے کہ ہم اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لائیں اور خواتین کو ان کا جائز مقام دیں۔ ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ:

بیٹیوں کو تعلیم دیں تاکہ وہ اپنے خواب پورے کرسکیں اور خود مختار بن سکیں۔

گھریلو خواتین کی محنت کو سراہیں کیونکہ گھر سنبھالنا بھی ایک عظیم ذمہ داری ہے۔

کام کرنے والی خواتین کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھار سکیں۔

عورت کی رائے اور فیصلوں کو اہمیت دیں کیونکہ اس کی سوچ اور نظریات معاشرے کی ترقی میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

اختتامیہ: عورت کو سلام!

عورت روشنی کی وہ کرن ہے جو اندھیروں کو دور کر کے امید کی شمع جلاتی ہے۔ وہ محبت، وفاداری، ہمت اور قربانی کی علامت ہے۔ اس کی موجودگی سے دنیا خوبصورت بنتی ہے اور اس کے حوصلے سے کامیابی کے دروازے کھلتے ہیں۔

آئیے، آج کے دن ہم عہد کریں کہ ہم ہر عورت کو عزت دیں گے، اس کی حوصلہ افزائی کریں گے اور اس کی کامیابیوں کا اعتراف کریں گے کیونکہ عورت صرف ایک دن کی نہیں بلکہ ہر دن کی عزت کی مستحق ہے!

# قدرت کا بوٹوکس استعمال کریں جھریوں سے چھٹکارا پائیں

مافیہ اجمل



خوبصورتی اور جوانی کو برقرار رکھنے کی خواہش ہمیشہ سے انسانی فطرت کا حصہ رہی ہے، لیکن آج کے دور میں مہنگے کاسمیٹک ٹریٹمنٹس اور سرجریز کے بجائے قدرتی طریقے زیادہ مقبول ہو رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر ”قدرت کا بوٹوکس“ کے نام سے ایک نئی ٹرینڈ نے دنیا بھر میں دھوم مچا دی ہے، جس میں لوگ مہنگی کریموں اور انجیکشنز کو چھوڑ کر قدرتی اجزاء پر انحصار کر رہے ہیں۔

ٹک ٹاک پر لاکھوں فالورز رکھنے والی ایک ٹک ٹاکر، جو ایک تھراپسٹ اور میک اپ آرٹسٹ ہیں، نے ایک حیرت انگیز طریقہ بتایا، وہ کیلے کے چھلکے کو چہرے پر رگڑتی ہیں۔ ان کے مطابق، کیلے کے چھلکوں میں موجود ”لٹین“ نامی اینٹی آکسیڈنٹ جلد کو چمکدار، ہائیڈریٹڈ اور نرم بناتا ہے۔

حیران کن طور پر، ان کی یہ ویڈیو 2.2 ملین سے زیادہ ویوز حاصل کر چکی ہے، اور لوگ اس آسان، سستے اور قدرتی طریقے کو پسند کر رہے ہیں۔ صرف کیلے کا چھلکا ہی نہیں بلکہ دیگر کئی قدرتی اجزاء بھی ”نیچر کا بوٹوکس“ کہلانے کے لائق ہیں مثلاً فلیکس سیڈ یا السی کے بیج پانی میں اُبال کر ماسک کے طور پر استعمال کیا جائے تو یہ جلد کو ٹائٹ اور جھریوں کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ چاول کا پانی جلد کو چمکدار بنانے اور باریک لکیروں کو ختم کرنے میں مددگار ہے۔

تاہم ماہرین کا کہنا ہے کہ قدرتی اجزاء عموماً جلد کے لئے فائدہ مند ہوتے ہیں، لیکن ان کا اثر بوٹوکس جیسا نہیں ہوسکتا۔

مشہور امریکی ڈرماٹولوجسٹ ڈاکٹر منیب شاہ کے مطابق، بوٹوکس ایک سائنسی لحاظ سے ثابت شدہ طریقہ ہے، جبکہ ان قدرتی اجزاء پر اتنی تحقیق نہیں ہوئی کہ انہیں مکمل متبادل کہا جا سکے۔ تاہم، ان کا یہ بھی ماننا ہے کہ اگر جلد کو ہائیڈریٹ، نرم اور تروتازہ رکھنے کے لئے قدرتی اجزاء کا استعمال کیا جائے تو یہ ایک مثبت عادت بن سکتی ہے۔ اگر آپ مہنگے کاسمیٹک ٹریٹمنٹس اور سرجریز سے بچنا چاہتے ہیں، تو قدرتی بوٹوکس آپ کے لئے ایک بہترین آپشن ہو سکتا ہے۔ لیکن ہر نئے طریقے کو آزمانے سے پہلے اپنی جلد کی نوعیت اور حساسیت کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ قدرتی حسن کو بڑھانے کے لئے صدیوں پرانے آزمودہ طریقے اپنائیں اور خود کو مہنگے اور نقصان دہ کیمیکل سے بچائیں۔

روزنامہ
مظفر پور
حقیقت ٹائمس
Urdu Daily Muzaffarpr
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

## جوروٹ نے راہل دراوڑ اور اسٹیو اسمتھ کو پیچھے چھوڑا



لندن، 11 جولائی (یواین آئی) انگلینڈ کے بلے باز جوروٹ نے ہندوستان کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں شاندار سنچری بنا کر لیجنڈری بلے باز راہل دراوڑ اور اسٹیو اسمتھ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے ٹیسٹ کرکٹ میں سب سے زیادہ سنچریاں بنانے والے کھلاڑیوں کی فہرست میں ٹاپ 5 میں جگہ بنا لی ہے۔روٹ کی یہ 37ویں ٹیسٹ سنچری تھی، جو انہوں نے لارڈز کے میدان میں عمدہ انداز میں مکمل کی۔روٹ اب اس فہرست میں صرف سچن تینڈولکر (51)، ژاک کیلس (45)، رکی پونٹنگ (41) اور کمار سنگا کارا (38) سے پیچھے ہیں۔انہوں نے اس میدان پر لگاتار تیسری ٹیسٹ سنچری بھی بنائی۔اس سے پہلے انہوں نے یہاں 143 اور 103 رنز بنائے تھے اس طرح وہ جیک ہوبس (1912-1926) اور مائیکل وان (2004-2005) کے بعد لارڈز میں مسلسل تین ٹیسٹ سنچریاں بنانے والے تیسرے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ہندوستان کے خلاف ان کی شاندار کارکردگی جاری ہے، یہ ہندوستان کے خلاف ان کی 11ویں ٹیسٹ سنچری ہے۔

لارڈز ٹیسٹ - دوسرا دن

## ہندوستان کا اسکور تین وکٹ پر 145 رن، راہل کی نصف سنچری



لندن، 11 جولائی (یواین آئی) ہندوستان اور انگلینڈ کے درمیان لارڈز اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا تیسرا ٹیسٹ میچ برابری پر ہے۔جمعہ کو میچ کے دوسرے دن کے اختتام تک ہندوستان نے اپنی پہلی اننگز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 145 رنز بنا لیے ہیں۔انگلینڈ کو 387 رنز پر روکنے کے بعد بیٹنگ کے لیے اتری ہندوستانی کی لڑکھڑاتی ہوئی اننگز کو سلامی بلے باز کے ایل راہل (ناٹ آؤٹ 53) اور رشبھ پنت (ناٹ آؤٹ 19) نے سنبھالا انگلینڈ کے 387 رنز کے جواب میں ہندوستان نے دوسرے دن چائے کے وقفے تک ایک وکٹ کے نقصان پر 44 رنز بنائے تھے۔یشسوی جیسوال 13 رنز بنا کر جوفرا آرچر کا شکار بنے۔چائے کے وقفے کے بعد کرون نائر کو 40 رنز پر بین اسٹوکس نے آؤٹ کر کے ہندوستان کو دوسرا جھٹکا دیا۔اس کے بعد کپتان شبمن گل بیٹنگ کے لیے آئے اور 16 رنز بنا کر کرس ووکس کی گیند پر جیمی اسمتھ کے ہاتھوں اسٹمپ ہو کر پویلین لوٹ گئے۔دوسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک ہندوستان نے 43 اووروں میں تین وکٹوں پر 145 رنز بنائے ہیں۔کے ایل راہل (ناٹ آؤٹ 53) اور رشبھ پنت (ناٹ آؤٹ 19) کریز پر موجود ہیں۔ہندوستان ابھی بھی انگلینڈ کے پہلی اننگز کے اسکور سے 242 رنز پیچھے ہے اور اس کے سات وکٹ باقی ہیں۔انگلینڈ کے لیے کرس ووکس، جوفرا آرچر اور بین اسٹوکس نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔کے ایل راہل 53 اور رشبھ پنت 19 رنز پر ناٹ آؤٹ پویلین لوٹے۔دونوں کھلاڑی چوتھی وکٹ کے لیے 61 گیندوں پر 38 رنز کی شراکت قائم کر چکے ہیں۔ہندوستانی اوپنر کے ایل راہل نے 39ویں اوور میں اپنی نصف سنچری مکمل کی۔انہوں نے شعیب بشیر کی پہلی گیند کو کور کی جانب دھکیل کر دوڑتے ہوئے ایک رن مکمل کیا۔اسی رن کے ساتھ انہوں نے ٹیسٹ کرکٹ میں اپنی 19ویں نصف سنچری مکمل کی۔انگلینڈ نے اپنی اننگز 251/4 کے اسکور سے آگے بڑھائی۔ٹیم نے لنچ سے پہلے 271 رنز پر 7 وکٹیں گنوا دی تھیں۔یہاں سے جیمی اسمتھ (51 رنز) نے برائیڈن کارس (56 رنز) کے ساتھ آٹھویں وکٹ کے لیے 84 رنز کی شراکت کی۔کارس نے ٹیم کا مجموعی اسکور 387 رنز تک پہنچایا۔99 رنز سے اننگز کو آگے بڑھانے والے جوروٹ نے 104 رنز بنائے۔جسپریت بمراہ نے اس اننگز میں 5 وکٹیں حاصل کیں۔اس سیریز میں یہ ان کی دوسری اور مجموعی طور پر 15ویں مرتبہ ہے جب انہوں نے کسی اننگز میں 5 وکٹیں حاصل کیں۔

## ہریانہ، اوڈیشہ، میزورم اور جھارکھنڈ سیمی فائنل میں

رانچی، 11 جولائی (یواین آئی) 15ویں ہاکی انڈیا سب جونیئر خواتین نیشنل چیمپئن شپ 2025 کے آج کھیلے گئے کوارٹر فائنل میچوں میں ہریانہ، اوڈیشہ، میزورم اور جھارکھنڈ نے شاندار کارکردگی کے ساتھ سخت مقابلوں میں کامیابی حاصل کر کے سیمی فائنل میں اپنی جگہ پکی کر لی۔آج یہاں مارنگ گومکے جے پال سنگھ ایسٹروٹرف ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے کوارٹر فائنل میں، ہریانہ نے ایک سخت مقابلے میں اتر پردیش کو 1-0 سے شکست دی۔ہریانہ کی جانب سے منجندر نے 9ویں منٹ میں میچ کا فیصلہ کن گول کیا۔اگرچہ اتر پردیش نے کئی شاندار سرکل انٹریز اور سات پینلٹی کارنرز حاصل کیے، لیکن ہریانہ کی مضبوط دفاعی لائن کے باعث وہ اسکور برابر نہ کر سکی۔دوسرے کوارٹر فائنل میں اوڈیشہ نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بہار کو 5-0 سے شکست دی۔اوڈیشہ کی آشیکا صمد نے 10ویں منٹ میں پینلٹی کارنر پر پہلا گول کیا، جس کے بعد پہلے ہاف میں پرینکا منج (14ویں منٹ) اور ایلینا بور (26ویں منٹ) نے فیلڈ گول کیے۔دوسرے ہاف میں بھی یہ سلسلہ جاری رہا جب گیتا لاکرا (33ویں منٹ) نے ایک اور پینلٹی کارنر کو گول میں بدلا اور سویٹی کجور (37ویں منٹ) نے فیلڈ گول کر کے شاندار فتح دلائی۔تیسرے کوارٹر فائنل میں، میزورم نے پنجاب کو آسانی سے 4-0 سے شکست دی۔میزورم کی کپتان وانلارنہوئی نے 19ویں اور 47ویں منٹ میں دو گول کر کے برتری دلائی، جبکہ لالروآتسیامی سی (41ویں منٹ) اور لالوینپوی (57ویں منٹ) نے ایک ایک گول کر کے ٹیم کو سیمی فائنل میں پہنچا دیا۔چوتھا اور آخری کوارٹر فائنل دن کا سب سے دلچسپ میچ رہا، جہاں جھارکھنڈ اور مدھیہ پردیش کے درمیان مقررہ وقت تک میچ 1-1 سے برابر رہا۔مدھیہ پردیش کی جانب سے نوشین ناز نے 33ویں منٹ میں پہلا گول کیا، جس کے بعد جھارکھنڈ کی سوگن سانگا نے 44ویں منٹ میں پینلٹی کارنر پر گول کر کے اسکور برابر کر دیا۔اس کے بعد میچ کا فیصلہ سنسنی خیز شوٹ آؤٹ کے ذریعے ہوا۔شوٹ آؤٹ میں، انکیتا لاکرا، شروتی کماری، سگن سانگا، پشپا منجھی اور سیوانی کیرکیٹا کے کامیاب گولوں کی بدولت جھارکھنڈ نے مدھیہ پردیش کو 5-4 سے شکست دی۔

## کارلوس الکاراز مسلسل تیسری بار ومبلڈن کے فائنل میں




لندن، 11 جولائی (یواین آئی) دوسری سیڈ یافتہ کارلوس الکاراز نے پانچویں سیڈ امریکی کھلاڑی ٹیلر فرٹز کو جمعہ کو ایک چیلنجنگ مقابلے میں چار سیٹوں میں شکست دے کر مسلسل تیسری بار ومبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔دو بار کے سابق چیمپئن کارلوس الکاراز نے امریکی ٹیلر فرٹز کو 6-4، 5-7، 6-3، 7-6(6) سے ہرا کر مسلسل تیسری بار ومبلڈن فائنل میں جگہ بنائی۔دھوپ سے تپتے سینٹر کورٹ پر کھیلتے ہوئے، الکاراز نے اپنی پہلی سروس کے 88 فیصد پوائنٹس جیتے، لیکن دو گھنٹے 48 منٹ تک جاری رہنے والے مقابلے کے دوران انہیں کئی بار دباؤ کا سامنا کرنا پڑا۔دوسرے سیٹ کے آخری مرحلے میں ہسپانوی کھلاڑی کچھ دیر کے لیے برابری پر آ گئے، لیکن تیسرے سیٹ میں انہوں نے شاندار واپسی کی اور اپنی بیس لائن پاور اور تسلسل کے ساتھ پانچویں سیڈ کھلاڑی کو پیچھے چھوڑ دیا۔اس کے بعد انہوں نے چوتھے سیٹ کے ٹائی بریک میں 4/6 پر دو سیٹ پوائنٹس بچائے اور مسلسل چار پوائنٹس حاصل کرتے ہوئے مسلسل تین ومبلڈن ٹائٹل جیتنے والے پانچویں کھلاڑی بننے سے صرف ایک جیت کی دوری پر ہیں۔فی الحال اپنے کیریئر کی بہترین 24 میچوں کی جیت کی فارم میں چل رہے الکاراز، بیورن بورگ کے ساتھ اوپن ایرا میں مسلسل دو سالوں میں رولاں گاروس-ومبلڈن ڈبل مکمل کرنے والے واحد مرد کھلاڑی بننے کی کوشش میں ہیں۔بورگ نے یہ کامیابی 1978 سے 1980 تک حاصل کی تھی۔الکاراز کے چھٹے گرینڈ سلیم ٹائٹل کی راہ میں یا تو عالمی نمبر ایک جینیک سنر یا سات بار کے ومبلڈن چیمپئن نوواک جوکووچ ہیں۔گزشتہ ماہ ہی، الکاراز نے پانچ گھنٹے اور 29 منٹ تک جاری رہنے والے رولاں گیرو فائنل میں سنر کو ہرا کر تین چیمپئن شپ پوائنٹس بچائے تھے، جس سے اطالوی کھلاڑی کے خلاف ان کا اے ٹی پی ہیڈ-ٹو-ہیڈ ریکارڈ 8-4 ہو گیا۔جوکووچ کے خلاف، جنہیں انہوں نے گزشتہ دو ومبلڈن فائنلز میں ہرایا ہے، الکاراز 3-5 سے پیچھے ہیں۔چوتھے سیٹ کے ٹائی بریک میں 6/4 کی برتری کے ساتھ امریکی کھلاڑی پانچواں سیٹ جیتنے کے لیے تیار دکھائی دے رہے تھے لیکن جیسا کہ اکثر ہوتا ہے، الکاراز نے سب سے اہم وقت پر اپنا لیول بڑھا کر خطرے سے بچتے ہوئے جیت حاصل کی۔ہسپانوی کھلاڑی اب اے ٹی پی ہیڈ-ٹو-ہیڈ سیریز میں فرٹز سے تین-صفر سے آگے ہو گئے ہیں، اور گھاس پر یہ ان کا پہلا مقابلہ تھا۔

## الواریز نے ڈرگ ٹیسٹ مثبت ہونے کا اعتراف کیا

میڈرڈ، 11 جولائی (یواین آئی) یوروپا لیگ کے سیمی فائنل کے بعد ایتھلیٹک کلب بلباؤ کے ڈیفینڈر ییرے الواریز نے اعتراف کیا ہے کہ ان کے ممنوعہ ادویات کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے، جس کے باعث ان پر چار سال تک پابندی لگ سکتی ہے۔اسپین کے پیشہ ور فٹبالر الواریز نے 2016 میں ٹیسٹیکلر کینسر کا علاج کرایا تھا اور بیماری سے صحتیاب ہونے کے بعد انہیں دوبارہ یہ بیماری لاحق ہو گئی تھی۔انہوں نے سوشل میڈیا پر ایک بیان میں کہا کہ گزشتہ سیزن میں مانچسٹر یونائیٹڈ کے خلاف یوروپا لیگ کے سیمی فائنل کے بعد ان کا ممنوعہ ادویات کا ٹیسٹ مثبت آیا تھا۔الواریز نے کہا، اپنی بیماری پر قابو پانے کے بعد میں کئی سالوں سے ایلوپیشیا (بال گرنے) کا علاج کروا رہا ہوں اور میرے معاملے کے جائزے کے بعد معلوم ہوا ہے کہ مثبت نتیجہ اس وجہ سے آیا کیونکہ میں نے بال گرنے کے علاج کے دوران انجانے میں ممنوعہ دوا لے لی تھی۔" الواریز نے سوشل میڈیا پر لکھا، "یہ خبر سن کر مجھے گہرا صدمہ پہنچا، مجھے یقین ہی نہیں آ رہا تھا، کیونکہ میں نے زندگی میں کبھی بھی ممنوعہ ادویات کا استعمال نہیں کیا۔

## کوسل مینڈس کا بہتر مظاہرہ، سری لنکا نے بنگلہ دیش کو سات وکٹ سے شکست دی



پلّے کیلے، 11 جولائی (یواین آئی) کوسل مینڈس کی شاندار نصف سنچری (73 رنز) کی بدولت سری لنکا نے پہلے ٹی-20 میچ میں بنگلہ دیش کو چھ گیندیں باقی رہتے ہوئے سات وکٹ سے شکست دے دی۔اس کے ساتھ ہی سری لنکا نے تین میچوں کی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کر لی ہے۔155 رنز کے ہدف کے تعاقب میں سری لنکا کے سلامی بلے بازوں پاتھم نسانکا اور کوسل مینڈس نے شاندار شروعات کرتے ہوئے پہلے وکٹ کے لیے 78 رنز کی شراکت کی۔پانچویں اوور میں مہدی حسن نے پاتھم نسانکا کو آؤٹ کر کے بنگلہ دیش کو پہلی کامیابی دلائی۔پاتھم نسانکا نے صرف 16 گیندوں پر پانچ چوکے اور تین چھکے لگا کر 42 رنز کی تیز رفتار اننگز کھیلی۔13ویں اوور میں کوسل پریرا 24 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔18ویں اوور میں سری لنکا کا تیسرا وکٹ کوسل مینڈس کے طور پر گرا، جنہوں نے 51 گیندوں پر پانچ چوکے اور تین چھکے لگا کر 73 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔سری لنکا نے 19 اوور میں تین وکٹ کے نقصان پر 159 رنز بنا کر میچ سات وکٹ سے جیت لیا۔اویشکا فرنانڈو 11 اور کپتان چرِت اسالنکا ایکرن کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔بنگلہ دیش کی طرف سے محمد سیف الدین، مہدی حسن اور رشاد حسین نے ایک، ایک وکٹ حاصل کی۔اس سے قبل سری لنکا نے ٹاس جیت کر بنگلہ دیش کو بیٹنگ کی دعوت دی۔بنگلہ دیش کے سلامی بلے بازوں پرویز حسین ایمان اور ٹی حسن نے پہلے وکٹ کے لیے 46 رنز جوڑے۔پانچویں اوور میں نووان تشارا نے حسن (16) کو آؤٹ کر کے یہ شراکت داری توڑ دی۔اس کے بعد آئے کپتان لٹن کمار داس کو جیفری وانڈرسے نے ایل بی ڈبلیو کر دیا۔نویں اوور میں مہیش تھکشانا نے پرویز حسین ایمان (22 گیندوں پر 38 رنز) کو آؤٹ کر کے سری لنکا کو تیسری کامیابی دلائی۔محمد توحید 10 اور مہدی حسن 29 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔بنگلہ دیش نے مقررہ 20 اووروں میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر 154 رنز بنائے۔محمد نعیم شیخ 29 رنز اور شمیم حسین 14 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔سری لنکا کی جانب سے مہیش تھکشانا نے دو وکٹیں حاصل کیں جبکہ نووان تشارا، داسن شناکا اور جیفری وانڈرسے نے ایک، ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

SOILTECH CONSULTANTS (I) PVT. LTD.

ilac-MRA | NABL | ISO 9001:2015 CERTIFIED

National Accreditation Board for Testing and Calibration Laboratories

CERTIFICATE OF ACCREDITATION

SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED

has been assessed and accredited in accordance with the standard

ISO/IEC 17025:2017

"General Requirements for the Competence of Testing & Calibration Laboratories"

for its facilities at

KAUSAR VILLA, KHAN MIRZA LANE, P.S. SULTANGANJ, P. O. MAHENDRU, PATNA, BIHAR, INDIA

in the field of

TESTING

Certificate Number: TC-9200

Issue Date: 06/01/2021 Valid Until: 05/01/2023

This certificate remains valid for the Scope of Accreditation as specified in the annexure subject to continued satisfactory compliance to the above standard & the relevant requirements of NABL. (To see the scope of accreditation of this laboratory, you may also visit NABL website www.nabl-india.org)


Name of Legal Identity : SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED

Signed for and on behalf of NABL

N. Venkateswaran
Chief Executive Officer


SPT


TOPOGRAPHICAL SURVEY


SLUMP CONE TEST


PILE LOAD TEST


CTM MACHINE

**Consult for** Building Material Test, Geotechnical Investigation, Topographical Survey, Plate & Pile Load Test, Other Civil Engineering Test and DPR etc.

**Our Reputed Clients are :**

- Building Construction Department (Bihar)
- Bihar State Building Construction Corporation Ltd.
- Eastern Railway
- Godrej & Boyce Mfg. Co. Ltd.
- Saa Vishnu Baker's (P) Ltd.
- L&T Limited
- Suguna Foods Pvt. Ltd.
- Japfa Comfeed India Pvt. Ltd.
- SMS Limited
- Samarth Engineers
- Shiva Consultancy Services (P) Ltd.
- Dipanshu Promoter & Builder Pvt. Ltd.
- Kalsi Buildcon Pvt. Ltd.


Er. KASHIF AHMAD
(Managing Director)

Contact No. : +91 9931688703, 0612 - 2379795
e-mail : soiltech.patna@gmail.com

NOTE : THERE IS NO OTHER BRANCH IN PATNA.

Address : Kausar Villa, Khan Mirza Lane, Sultanganj, Patna-800006, Bihar.

Glenmark


Dr S B Ahmad

आपके अपने महत्वपूर्ण नंबर जानना हमेशा अच्छा होता है !

इस
World Hypertension Day,

चलिये नीचे दिए गए तरीकों से प्रभावी 'उच्च-रक्तचाप प्रबंधन' का अभ्यास करें:

रक्तचाप की सटीक निगरानी करना सीखकर | रक्तचाप को नियंत्रित करके | एक स्वस्थ जीवन शैली को अपनाकर

A Glenmark initiative
To start A Powerful Revolution

DOCTOR
Dr. Bikas Sourabh
MBBS ( Hons & Gold Medalist ) M.D. (Medicine)
DMRD (Patna) MRCP (England) MRCP (Ireland)
Visit By Prior Appointment on Given Phone Numbers
Phone No. 8507837914 / 7481971222

मरीज देखने का समय :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 से 9 बजे तक एवं शाम 6 से 8 बजे तक
अप्वायंटमेंट लेने का समय एवं फोन :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 बजे से रात 8 बजे तक
फोन : 8507837914, 7481971222
0A/67 सचिवालय कॉलोनी
कंकड़बाग, पटना-800020
( डॉ० अल्का पांडे क्लिनिक/सरल डायग्नास्टिक के दक्षिण विद्यापुरी पार्क के सटे वाला मकान )

OA-67, Sachiwalya Colony
Kankerbagh, Patna 800 020

Sparkling Smile Dental Care
स्पारक्लिंग स्माईल डेन्टल केयर
दांत की बिमारी के सम्पूर्ण समाधान के लिए हमें सेवा का मौका दें।
Complete Solutions for your all Dental Problems
Avail 10% Discount on All Treatments
40 Minutes RCT
Braces
Cosmetic Dentistry
Zirconia
Digital Dentistry etc.
Dr. Ali Ashraf
BDS MBA
Consultant Dentist
CLINIC TIME
9 AM TO 1 PM
5 PM TO 8 PM
F-49, P.C Colony, Kankarbagh, Patna-20
Contact- 7004525593, 7903612134

Owner Syed Naiyar Ali Warsi Publisher Syed Naiyar Ali Warsi Printer DB Corp- Ltd- Near Bansh Hospital Darbhanga Road Patiyasha Muzaffarpur Pin 843103
Published From Manzarul Hasan Mohallah Milkitola Sadpura PO Ramna H-No-987 Distt Muzaffarpur Bihar 842002-Editor Syed Naiyar Ali Warsi